Roll No ________ to be filled in by the candidate

**S.S.C (Part-I) A/2023**
**(For all Sessions)**

| Paper Code | 5 | 0 | 2 |
|---|---|---|---|

**اردو لازمی (معروضی)** گروپ - I Rwp-I 23 وقت: 20 منٹ نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D,C,B,A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

1.1 بحوالہ سبق "ہجرتِ نبوی ﷺ" فاتح خیبر کے لیے قتل گاہ ———— تھا:

(A) فرش خاکی (B) فرشِ دل (C) فرشِ راہ (D) فرشِ گل

2۔ فواکہ میں غالب کو بہت مرغوب تھا:

(A) خربوزہ (B) تربوز (C) آم (D) آڑو

3۔ میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے؟

(A) خواجہ میر درد کے (B) خواجہ باسط کے (C) ابراہیم ذوق کے (D) مرزا غالب کے

4۔ منشی پریم چند کا شمار ہوتا ہے۔

(A) اولین افسانہ نگاروں میں (B) ڈرامہ نگاروں میں (C) نثر نگاروں میں (D) غزل گو شعرا میں

5۔ سید امتیاز علی تاج کے ڈرامے ———— کے نام سے شائع ہوئے۔

(A) چچا نتھو (B) چچا شرفو (C) چچا چھکن (D) [illegible]

6۔ سبق "لہو اور قالین" میں تجمل ———— کو خطرناک پاگل کہتا ہے:

(A) رؤف (B) نیازی (C) ہمسائے (D) اختر

7۔ سبق "امتحان" میں طالب علم نے کتنے سال میں لا کلاس کا کورس پورا کیا؟

(A) دو سال (B) چار سال (C) سات سال (D) نو سال

8۔ بغیر کسی تبدیلی کے ہر شعر میں دہرائے جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں۔

(A) قافیہ (B) ردیف (C) مطلع (D) مقطع

9۔ نظم "نعت" میں طوطی و بلبل کس کا ذکر کرتے ہیں؟

(A) اللہ تعالیٰ کا (B) مخلوقِ خدا کا (C) حضور نبی کریم ﷺ کا (D) طیورِ چمن کا

10۔ بقول مرزا غالب: کاش پوچھو کہ ———— کیا ہے۔

(A) ماجرا (B) صدا (C) مدعا (D) دُعا

11۔ لفظ "شیخ" کی مونث ہے۔

(A) شیخانی (B) شیوخ (C) شیخی (D) شوخی

12۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں مترادف کی درست فہرست ہے:

(A) اوپر۔تلے (B) زمین۔آسمان (C) عرش۔فرش (D) مدح۔ستائش

13۔ لفظ "اتفاق" کا متضاد ہے۔

(A) ملاپ (B) نفاق (C) آفاق (D) شفق

14۔ لفظ "اسلحہ" کا واحد ہے۔

(A) سلاح (B) صلح (C) سلاسل (D) اسلاف

15۔ لفظ "امام" کی جمع ہے۔

(A) امامہ (B) امم (C) عموم (D) ائمہ

205-09-A*

R

www.taleem360.com

| Roll No. ____________ امیدوار خود پُر کرے |
|---|

SSC-(P-I)-A/2023
(For All Sessions)

# ولازمی (انشائیہ)

ت: 2 گھنٹے 10 منٹ

(گروپ-I)

RwP-I-23

نمبر 60

2۔ حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار کی تشریح کریں۔ (2x5=10)

(حصہ نظم)

i. تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلہ تیرا

ii. جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر
یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

iii. سب بھٹکتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی
یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

iv. ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے
کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(حصہ غزل)

i. ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

ii. ہمیشہ لکھے وصفِ دندان تار
قلم اپنا موتی پرو دیا کیا

iii. ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یاالٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی لکھیئے۔ (10)

(الف) محنت مزدوری کرنے والے لوگ اور وہ جو کہ اپنی روزانہ محنت سے اپنی بسر اوقات کا سامان مہیا کرتے ہیں۔ بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔ محنت کرنا اور سخت سخت کاموں میں ہر روز لگے رہنا گویا ان کی طبیعت ثانی ہو جاتی ہے۔

(ب) ایک مقنن ایک اصول قائم کرتا ہے۔ دوسرا اس کو توڑ دیتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ہم اپنی رائے کو کسی دوسرے کی تجویز کا پابند کریں۔ میں نے برابر والے سے پوچھنے کی کوشش بھی کی، کچھ اِدھر اُدھر نگاہ بھی دوڑائی۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجئے۔ (10)

i. سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟
ii. سبق "مرزا غالب کے عادات و خصائل" کس کتاب سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟
iii. خواجہ صاحب اپنے اُس شاگرد سے کیا کہا کرتے تھے، جو اکثر بے روزگاری کی شکایت سے سفر کا ارادہ کیا کرتے تھے؟
iv. "آرام و سکون" میں بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لئے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟
v. مضمون نگار کے والد نے کس طرح اسے تسلی دی؟
vi. نظم "حمد" میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کون کون سی صفات بیان کی ہیں؟ (کوئی دو صفات)
vii. علامہ محمد اقبال کی نظر میں کس کے گلستان میں فصلِ خزاں کا دور ہے؟
viii. بہادر شاہ ظفر کو باغبان اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیئے (الف) کاہلی (ب): قدرِ ایاز (05)

6۔ کتاب میں دی گئی نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیئے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ (1+4=5)

7۔ تاجر کتب کے نام کتابیں منگوانے کے لئے خط تحریر کریں۔ (یا) سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے ہیڈ ماسٹر صاحب کی خدمت میں درخواست تحریر کیجئے۔ (10)

8۔ "قوم کی خاطر ایثار" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجئے۔ (یا) گاہک اور ہوٹل مینیجر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجئے۔ (05)

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ (05)

i. میں نے فرحان دیکھا۔
ii. میں نے کتاب پڑھنا ہے۔
iii. دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔
iv. فوج نے حملہ کئے۔
v. حبیب، منیب اور مجیب آیا۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجئے۔

i. صورت نہ شکل ________ ۔
ii. طویلے کی بلا ________ ۔
iii. شیخی اور ________ ۔
iv. بلی کے بھاگوں ________ ۔
v. تخم تاثیر ________ ۔

R



www.taleem360.com

☆☆☆

S.S.C (Part-I) A/2023
(For all Sessions)

Roll No __________ to be filled in by the candidate

Paper Code | 5 | 0 | 2 | 6

## اردو لازمی (معروضی)      گروپ - II

Rwp-2-23

وقت: 20 منٹ      نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات D,C,B,A دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

1-1 شاعر کا دل نہیں لگتا ہے (غزل)
(A) کوئے یار میں (B) کنج مزار میں (C) فصل بہار میں (D) اجڑے دیار میں

2- "ساتھی" کی مونث ہے۔
(A) ساتھیا (B) ساتھن (C) ساتھنی (D) ساتھ

3- "نشیب" کا متضاد ہے۔
(A) عروج (B) زوال (C) فراز (D) عرض

4- "حُب" کا مترادف ہے۔
(A) محبت (B) خوشی (C) تعریف (D) آرام

5- "منبر" کی جمع ہے۔
(A) مبانر (B) منابر (C) امنبر (D) انبار

6- "قریب" کی جمع ہے۔
(A) اقربا (B) قُرب (C) اقرب (D) قربی

7- اس وقت بھی آپ ﷺ کے پاس بہت سی [illegible]
(A) تلواریں (B) امانتیں (C) کھجوریں (D) نعمتیں

8- کس نے سودا کو میر پر ترجیح دی۔
(A) ذوق نے (B) غالب نے (C) مومن نے (D) شیفتہ نے

9- "قاطع برہان" کے مصنف ہیں۔
(A) اقبال (B) مومن (C) غالب (D) سودا

10- سلیم ڈرتا ڈرتا گیا۔
(A) مدرسے (B) بازار (C) مسجد (D) اوپر

11- میاں کتنے بجے دفتر جایا کرتے تھے؟
(A) صبح آٹھ بجے (B) شام سات بجے (C) صبح دس بجے (D) صبح نو بجے

12- بندے پر امتحان کا اثر نہیں تھا۔
(A) رتی برابر (B) ذرہ برابر (C) بالکل (D) معمولی

13- بُلبُل ایک پرندہ ہے۔
(A) پالتو (B) گھریلو (C) روایتی (D) عاشق مزاج

14- صبا بے شک آتی ہے۔
(A) مکہ سے (B) طائف سے (C) ریاض سے (D) مدینہ سے

15- علامہ اقبال نے بار ایٹ لا کی ڈگری حاصل کی۔
(A) ایشیا سے (B) یورپ سے (C) افریقہ سے (D) امریکہ سے

R



www.taleem360.com

S.S.C. (Part-I) A / 2023
(For all Sessions)

Roll No ____________ to be filled in by the candidate

اردو لازمی (انشائیہ) — گروپ - II — RwP-2-23

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

10 2۔ حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔

**حصہ نظم**

(i) ڈالی گئی جو فصل خزاں میں شجر سے ٹوٹ
ممکن نہیں ہری ہو سحاب بہار سے

(ii) چھپتا نہیں نظروں میں یاں خلعت سلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(iii) ہیں اس ہوا میں کیا کیا برسات کی بہاریں
سبزوں کی لہلہاہٹ، باغات کی بہاریں

(iv) تیری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر
یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے۔

**حصہ غزل**

(i) عمر دراز مانگ کر لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے، دو انتظار میں

(ii) ہم ہیں مشتاق اور وہ بے زار
یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے۔

(iii) کہوں کیا ہوئی عمر کیوں کر بسر
میں جاگا کیا، بخت سویا کیا۔

10 3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجیے۔

(الف) ظالموں نے آپؐ کو پکڑا اور حرم میں لے جا کر تھوڑی دیر محبوس رکھا اور چھوڑ دیا پھر آنحضرت ﷺ کی تلاش میں نکلے ڈھونڈتے ڈھونڈتے غار کے دہانے تک آ گئے۔ آہٹ پا کر حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ غمزدہ ہوئے۔

(ب) آپ نے میری حالت کا اندازہ لگایا اور اس بات پر اصرار کیا کہ میں اپنے غربت کدہ سے نکل کر آپ کے ہاں آ جاؤں تاکہ اطمینان کے ساتھ فن کی خدمت کر سکوں آپ نے میرے لیے یہ گھر وقف کر دیا اور مجھے زندگی کی ضروریات سے بے نیاز کر دیا۔

10 4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔

(i) ہجرت نبویؐ سے کیا مراد ہے؟
(ii) مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟
(iii) سر سید احمد خاں کے مطابق قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟
(iv) "ملکی پرندے اور دوسرے جانور" میں بلبل کو بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر کہا ہے۔
(v) "قدر ایاز" میں دیہاتی لڑکے کی کہانی سن کر سلیم میاں پر کیا اثر ہوا؟
(vi) "حمد" کے حوالے سے محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟
(vii) "نعت" کے شاعر کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟
(viii) بہادر شاہ ظفر نے اپنی حسرتوں سے کیا کہا ہے؟

05 5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

(الف) شاعروں کے لطیفے
(ب) آرام و سکون

05 6۔ کتاب میں دی گئی نظم "نعت" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

10 7۔ اپنے ناراض دوست / سہیلی کو منانے کے لیے خط لکھیے۔ **یا** تعلیمی ادارے کے / کی سربراہ کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔

05 8۔ "ایسے کو تیسا" کے عنوان سے کہانی تحریر کریں۔ **یا** استاد اور شاگرد کے مابین "تاریخ پاکستان" کے عنوان پر مکالمہ تحریر کریں۔

05 9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔

(i) امجد نے کراچی جانا ہے۔
(ii) ہمت کو ہارنا اچھی بات نہیں۔
(iii) میں نے اکرم دیکھا۔
(iv) ہم نے حج کرنا ہے۔
(v) جی نے چاہا تو آؤں گا۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) بارہ برس دلی میں رہے ____________
(ii) ماروں گھٹنا ____________
(iii) چور کی داڑھی میں ____________
(iv) اُلٹے بانس ____________
(v) غریب کی جورو ____________



www.taleem360.com